رکوع میں اقتدا کرنا

رکوع میں اقتدا کرنا

مسئلہ۷۴۷۔ اگر کوئی شخص اس وقت اقتدا کرے کہ جب امام رکوع میں ہو تو مندرجہ ذیل صورتیں ممکن ہیں:

۱۔ اگ اس وقت رکوع میں پہنچے کہ جب امام رکوع کی حالت میں ہو تو نماز جماعت صحیح ہے اور ایک رکعت شمار ہوگی اگرچہ امام کا ذکر ختم ہوچکا ہو۔
۲۔ اگر اس وقت رکوع میں پہنچے کہ جب امام رکوع سے کھڑا ہورہا ہو یا کھڑا ہوچکا ہو تو نماز فرادی کی حیثیت سے صحیح ہے اور پہلی رکعت شمار ہوگی اور ضروری ہے کہ نماز کو جاری رکھے۔
۳۔ اگر رکوع کے برابر جھک جائے اور شک کرے کہ امام کے ساتھ رکوع میں پہنچا یا نہیں تو اس کی نماز فرادی کی حیثیت سے صحیح ہے اور پہلی رکعت شمار ہوگی اور ضروری ہے کہ نماز کو جاری رکھے۔
۴۔ اگر امام اس کے رکوع کے برابر جھکنے سے پہلے رکوع سے سر اٹھالے تو اس صورت میں فرادی کی نیت کرسکتا ہے۔